بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر ص اب س/۲/۲۰۱۸

مورخہ ۲۷ اپریل ۲۰۲۱ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر ۱۰۵**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۳ اپریل ۲۰۲۱ء میں ایوان سے پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۱۰۵ منجانب جناب ثناء اللہ بلوچ صاحب، رکن بلوچستان اسمبلی برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

﴿قرارداد﴾

ہرگاہ کہ یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ بلوچستان پاکستان کا پسماندہ ترین صوبہ ہے اور بجٹ 22-2021ء وفاقی و بلوچستان کی سطح پر تشکیل کے آخری مراحل میں ہے۔ پاکستان میں غیر منصفانہ ترقی اور نا برابری پر اپریل 2020ء میں اقوام متحدہ کے ذیلی ادارہ یو این ڈی پی پاکستان کی رپورٹ میں بلوچستان کی روبہ زوال سماجی معاشی اور معاشرتی پہلوؤں پر تشویش اور ان کے حل کے لئے سفارشات پیش کی ہیں۔

لہٰذا بجٹ 22-2021 اور PSDP کی تشکیل کے وقت وسائل کی سماجی، معاشی اور معاشرتی ترقی پر خرچ کرنے کے لئے بلوچستان حکومت تمام اضلاع کو تعلیم، صحت، ہنرمندی اور روزگار کے مواقع کے لئے یکساں اور منصفانہ فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنائے۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) جمیع معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب سیکرٹری برائے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، ایوان صدر، اسلام آباد۔
۳) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب سیکرٹری سینیٹ، سینیٹ آف پاکستان سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد۔
۵) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد۔
۶) جناب ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن، اسلام آباد۔
۷) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات، حکومت بلوچستان کوئٹہ
۹) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۱۰) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner